تعارف وتبصرہ

مدیر کے قلم سے

خصوصی شمارہ بیاد مولانا سندھیؒ

ماہنامہ الولی حیدر آباد شاہ ولی اللہ اکیڈیمی کے زیر اہتمام ایک عرصہ سے شائع ہو رہا ہے اور ولی اللہی علوم وافکار کے نامور شارح مولانا غلام مصطفےٰ قاسمی کی زیر ادارت امام ولی اللہ دہلویؒ کے فلسفہ وافکار کی اشاعت میں مصروف ہے زیر نظر شمارہ امام انقلاب حضرت مولانا عبید اللہ سندھیؒ کی یاد میں بطور خاص شائع کیا گیا ہے جو ممتاز محقق جناب ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہان پوری کے تعاون سے مرتب ہوا ہے ایک سو سے زائد صفحات پر محیط یہ خصوصی اشاعت حضرت مولانا سندھیؒ کے بارے میں اہم معلوماتی مضامین پر مشتمل ہے اور نومبر ۹۰ء میں شائع ہونے والے اس شمارہ (جلد ۲۴۔ شمارہ ۱۰) کی قیمت دس روپے ہے جو شاہ ولی اللہ اکیڈیمی حیدر آباد سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

صحابہ کرامؓ پر شیعہ کے اعتراضات اور انکے جوابات

حضرت مولانا قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ المتوفی ۱۲۲۵ھ کا شمار برصغیر پاک وہند کے ان عظیم علماء میں ہوتا ہے جن کے علوم وفیوض سے رہتی دنیا تک اہل علم وفضل مستفید ہوتے رہیں گے اس کتابچہ میں انہوں نے حضرات صحابہ کرامؓ اور اہل سنت پر شیعہ حضرات کی طرف سے کیے جانے والے اعتراضات کے محققانہ جوابات دیئے ہیں ایک سو چالیس صفحات کے اس رسالہ کی قیمت اکیس روپے ہے اور اسے ہمارے عزیز دوست حافظ فضل القادر گلی نمبر ۶ نور باوا گوجرانوالہ نے شائع کیا ہے۔